© rasailojaraid.com



دو حرف اپنے بارہ میں۔ ہم نے پورا منصوبہ بنا لیا تھا کہ آپ کے ترجمان القرآن کی تزئینِ نو کے بعد پہلا شمارہ ستمبر ۱۹۹۳ میں شائع کر دیں گے۔ اس کا اعلان کرتے ہی ملک گیر انتخابات کے لیے ۶ اکتوبر کی تاریخ مقرر ہو گئی۔ کیونکہ ہم رسالہ کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ اس کے قارئین میں بھی زیادہ سے زیادہ اضافہ کے لیے کوشاں ہیں' اس لیے ہم نے پہلی اشاعت کی تاریخ ستمبر سے بڑھا کر نومبر ۱۹۹۳ کر دی۔ لیکن اب الیکشن' اور مابعد الیکشن کے حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اور تحریکِ اسلامی کے ذمہ داران سے مشورہ کے بعد یہ طے کرنا پڑا ہے کہ تزئینِ نو کا آغاز جنوری ۱۹۹۴ سے ہو گا' انشاء اللہ العظیم۔ دو دفعہ مقررہ تاریخ میں توسیع کے لیے ہم سارے قارئین اور منتظرین سے معذرت خواہ ہیں۔

---

© rasailojaraid.com